سوال

(202) دو تنظیموں کے اختلافات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے علاقہ (شہدادکوٹ سندھ) میں ایک تنظیم عرصہ سے کام کررہی ہے تقریباً 49یا50 برس سے اب اس کے بعد یہاں ایک تنظیم نے جنم لیا ہے پہلی تنظیم کا کہنا یہ ہے کہ دوسری تنظیم نے یہاں اختلاف وافتراق پیدا کیا ہے جب کہ دوسری تنظیم کہتی ہے کہ ہم دین کا کام کررہے ہیں لہذا ہمیں یہاں کام سے نہ روکا جائے الغرض ایسی صورت حال میں ہمیں شرعی طور پر کیا کرنا چاہیے؟ کس کا ساتھ دینا چاہیے؟ یا پھر علیحدگی اختیار کی جائے؟ نیز ان کے دینی پروگرامز کے متعلق کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

بلا امتیاز جن لوگوں میں خیر کا پہلو غالب نظر آئے ان کا ساتھ دیں لیکن پارٹی بازی کی ضرور رسائی سے احتراز کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص505

محدث فتویٰ